**ریزرو بینک آف انڈیا**

ویب سائٹ www.rbi.org.in

27 جولائی 2017

**محترم/ محترمہ**

## جمہوریہ گھانہ کی سرکار کو ایکزم بینک کی بھارت سرکار کے تعاون سے 24.54 ملین امریکی ڈالر کی لائن آف کریڈٹ

ایکزم بینک (ایکسپورٹ۔امپورٹ بینک) آف انڈیا جمہوریہ گھانہ کی سرکار سے 22 نومبر 2016 کو ایک سمجھوتہ (ایگریمنٹ) کیا تھا اس کے تحت وہ گھانہ سرکار کو بھارت سرکار کے تعاون سے گنوں کی نشوونما و سینچائی پروجیکٹ کے لئے 24.54 ملین امریکی ڈالر (چوبیس ملین اور پانچ سو چالیس ہزار روپیہ) کی مدد لائن آف کریڈٹ کی شکل میں فراہم کرے گی۔ اس کریڈٹ کے ذریعہ بھارت سے متعلقہ اشیاء و خدمات کے ایکسپورٹ کو مالی تعاون دیا جائے گا تاکہ گھانہ میں گنوں کی نشوونما اور سینچائی پروجیکٹ کو اس سے مدد ملے جیسا کی سمجھوتہ کی شرائط میں درج ہے اور جو بھارت سرکار کی فارن ٹریڈ پالیسی کے تحت اکسپورٹ کے لئے موزوں ہے اور اس کی خریداری کے بارے میں بھی درج ہے یہ ایکزم بینک کی جانب سے مالی تعاون کی شق میں آتا ہے، اشیاء میں شامل ہیں پلانٹ، مشینری اور ایکیوپمنٹ (سازوسامان) و خدمات جس میں مشورہ جاتی خدمات بھی شامل ہیں۔ ایکزم بینک کے اس سمجھوتہ کے تحت مجموعی کریڈٹ کا کم از کم 75% قیمت کی اشیاء و خدمات (کنٹریکٹ پرائز کا) بھارت میں سیلر (فراہم کرنے والا) کے ذریعہ فراہم کی جائے گی اور باقی 25% قیمت کی اشیاء و خدمات سیلر بھارت کے باہر سے (کسی بھی ملک سے) سمجھوتہ کے تحت فراہم کرے گا۔

2۔ لائن آف کریڈٹ کا یہ سمجھوتہ 7 جولائی 2017 سے عمل میں آئے گا۔ لائن آف کریڈٹ کے تحت، پروجیکٹ کی تکمیل کی تاریخ سے 60 ماہ کا وقفہ اس کے استعمال کے لئے مقرر ہے۔

3۔ لائن آف کریڈٹ کے تحت پیمنٹ کو ایکسپورٹ ڈکلیریشن فارم میں درج ہدایات و قوانین جو کہ ریزرو بینک آف انڈیا کے ذریعہ وقتاً فوقتاً جاری کئے جاتے ہیں کے مطابق ڈکلیر کرنا ہوگا۔

4۔ مندرجہ بالا لائن آف کریڈٹ کے تحت کسی بھی قسم کے ایجنسی کمیشن کی ادائیگی نہیں ہوگی۔ حالانکہ اگر ضرورت ہو تو ایکسپورٹر اپنے خود کے ذرائع سے یا اپنے ایکسچینج ارنرس فارن کرنسی اکاؤنٹ کے بیلنس سے فری فارن ایکسچینج میں کمیشن کی ادائیگی کر سکتا ہے۔ اتھرائزڈ ڈیلر کٹیگری۔I (اے ڈی کٹیگری۔I) بینکیں ایکسپورٹ کی ٹوٹل ویلو کے حصول کے بعد اور ایجنسی کمیشن کی ادائیگی سے متعلقہ موجودہ ہدایات قوانین کی روشنی میں ایسے ریمٹینس (ترسیل زر) کی اجازت دے سکتی ہیں۔

5۔ اے ڈی کٹیگری۔I بینکیں اپنے ایکسپورٹرس کمپنیوں کو اس سرکلر کے مسودہ سے آگاہ کر سکتی ہیں۔ اور وہ ان کو صلاح دیں کہ وہ ایکزم بینک کے سینٹر۔I۔ فلور 21، ورلڈ ٹریڈ سینٹر کمپلکس، کف پریڈ، ممبئی 400005 سے لائن آف کریڈٹ کی پوری تفصیل حاصل کریں۔ یا وہ ویب سائٹ www.eximbankindia.in سے حاصل کریں۔

6۔ اس سرکلر میں دیئے ہوئے سارے قوانین/ ہدایات کو فیما ایکٹ، 1999 (1999 کا 42) کے سیکشن (4) 10 و سیکشن (1)11 کے تحت جاری کیا گیا ہے۔ یہ ہدایات بغیر کسی اجازت یا منظوری کی ہیں اگر کسی دوسرے قانون کے تحت کوئی اور ضرورت درپیش ہوتی ہے تو اس کو پورا کرنا ہوگا۔

**آپ کا مخلص**
**(جے۔ کے۔ پانڈے)**
**چیف جنرل منیجر**